کتاب: درس قرآن تسہیل شدہ ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ
خلاصہ تفسیر از مختلف تفاسیر ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

برصغیر میں انتہائی قلیل مدت میں اردو زبان میں قرآن کریم کی مختلف تفسیریں آئی ہیں ان میں بعض کئی ضخیم جلدوں پر مشتمل ہیں اور بعض مختصر ہیں جو کہ عوام الناس اور اردو زبان سمجھنے والے طبقہ کی استعداد کے مطابق مرتب کی گئی ہیں اور الحمدللہ اس کے بہترین ثمرات اور نتائج سامنے آئے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب درس قرآں بھی اسی مختصر نہج پر ترتیب دی گئی ہے فی الحال اس کے دو پاروں کی تفسیر دو مختصر جلدوں میں آئی ہے۔ یہ تفسیر قرآن کریم کے معانی و مطالب سے واقف کرانے کیلئے واضح عربی متن تحت اللفظ با محاورہ آسان ترجمہ عام فہم مختصر اور جامع تفسیر پر مشتمل ہے۔ اس میں تسہیل شدہ ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا ہے جبکہ تفاسیر کا خلاصہ ابن کثیر معارف القرآن بیان القرآن اور دیگر معتمد و معتبر تفاسیر سے لیا گیا ہے، اور ہر درس تقریباً دو صفحات پر مشتمل ہے۔ بلاشبہ یہ ایک انتہائی مبارک اور متبرک سلسلہ ہے۔ ہماری دعا ہے کہ یہ سلسلہ جلد تکمیل تک پہنچ جائے۔ (م۔ا۔ف)

رسالہ: زیتون کے فوائد ماخوذ از: طب نبوی ﷺ اور جدید سائنس
صفحات: ۳۲ ناشر: مبین ٹرسٹ، پوسٹ بکس نمبر 470 اسلام آباد۔ 44000

زیتون وہ پھل ہے جس کا ذکر رب العالمین نے آخری ابدی کتاب قرآن مجید میں متعدد بار فرمایا۔ قرآن مجید میں اس کا ذکر ہی اس کی عظمت اور فوائد کے لئے کافی ہے۔ پیش نظر رسالہ قرآن و حدیث کی روشنی میں زیتون کے فوائد پر شائع کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ طب نبوی ﷺ اور جدید سائنس نامی کتاب سے ماخوذ ہے۔ رسالہ میں زیتون اور اس کے تیل کی اہمیت و فوائد قرآن مجید اور احادیث رسول اللہ ﷺ سے ثابت کرنے کے بعد محدثین عظام اطباء قدیم و جدید کے شاہدات سے اس کی مزید وضاحت کی گئی۔ مبین ٹرسٹ نے حسب سابق رسالہ کو اعلیٰ وعمدہ آرٹ پیپر اور جاذب نظر ٹائٹل کے ساتھ پیش کر کے قارئین کے دل جیت لئے۔ (مولانا عرفان الحق حقانی)

کتاب: آثار صالحہ مرتب: حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ
صفحات: ۲۳۶ ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، ضلع نوشہرہ

خواتین معاشرے کی تعمیر میں جو اہم کردار ادا کرتی ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ خواتین کی درستی پورے معاشرے کی درستی ہوتی ہے۔ اس لئے اصلاح نسواں پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینا ضروری ہے۔ عمل صالح کی انگیخت کے لئے قرآن مجید فرقان حمید میں اللہ تعالیٰ نے بی بی مریم اور بی بی آسیہ جیسی نیک پارسا خواتین کا تذکرہ کر کے ان کے اچھے کردار کو تاصبح قیامت محفوظ کر دیا۔ صحابیات تابعیات اور قدیم زمانہ کی نیک صالح عورتوں پر اب تک بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ لیکن موجودہ زمانے کی عورتوں پر بہت کم لکھا گیا۔

پیش نظر کتاب ''آثار صالحہ'' میں مولانا عبدالقیوم حقانی نے اس ضرورت کو پورا کرتے ہوئے پندرھویں صدی